Presented by: https://jafrilibrary.com

# شادی کی پہلی رات کے

# بارے میں احکام

# دولہا دلہن کے لئے

(مؤلف مولانا جواد مصطفیٰ متعلم حوزہ علمیہ قم المقدس ایران)

(دعاگو محسن رضا)



Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com



# احکام زن و شوهر اور ازدواجی زندگی1

سلام علیکم

یہ گروپ زن و شوہر کے مسائل کے لئے بنایا گیا ہے اس میں شادی شدہ زندگی میں پیش آنے والے سوالات کے شرعی جوابات بھیجے جاتے ہیں کسی بھی قسم کا کوئی سوال ہو تو بغیر شرم محسوس کیے پوچھ سکتے ہیں کیونکہ شرمندگی کے ڈر سے انسان حقیقت سے محروم رہ جاتا ہے

اس گروپ میں شامل ہونے کے لئے

اس نمبر پر رابطہ کریں

+989385980514

+989109671312

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com



بیوی سے ہمبستری کرنے کا اسلامی طریقہ

میاں بیوی کے تعلق سے کچھ ایسے مسائل ہیں جن کا جاننا
ضروری ہے مگروہ نہیں جانتے کیوں کہ دینی کتاب ہم پڑھتے نہیں اور عالم دین
علماء اور اھل علم سے پوچھنے میں شرم آتی ہے
مگر عجیب بات ہے مسئلہ پوچھنے میں تو ہمیں شرم آتی ہے مگروہی غیرت اس وقت
مرجاتی ہے جب دولہا اپنے دوستوں کو اور دلہن اپنی سہیلیوں کو پوری رات کی کہانی
سناتے ہیں

استغفر اللہ معاذاللہ

خیریہ میسج save کر کے رکھیں اور اپنے دوستوں اور عزیزوں میں جن کی شادیاں
ہوں انہیں تحفے کے طور پر اور
علم دین کی سربلندی کے لیے یہ میسج سینڈ کریں

مسئلہ یاد رہے کہ شادی سے پہلے میاں بیوی
اور اولاد کے حقوق کے مسائل سیکھنا فرض ہیں
انسان کو جماع کی ایسی ہی ضرورت ہے
جیسے غذا کی کیونکہ میاں بیوی کے طہارت کا سبب ہے
حدیث پاک میں آتا ہے کہ جس طرح حرام صحبت پر گناہ ہے اسی طرح جائز صحبت پر
نیکیاں ہیں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com



## بیوی سے ہمبستری کرنے کا اسلامی طریقہ

حدیث پاک میں آتا ہے کہ جس طرح حرام صحبت پر گناہ ہے اسی طرح جائز صحبت پر نیکیاں ہیں

### شب زفاف کی نماز اور دعا :

امام محمد باقر (ع) فرماتے ہیں کہ شادی کی پہلی رات جب دلہن کو تمہارے پاس لایا جائے تو اسے کہو کہ وضو کرے اور دو رکعت نماز بجالائے اور تم بھی وضو کرکے دو رکعت نماز ادا کرو پھر خدا کی حمد وثناء کرو اور محمد و آل (ع) محمد پر درود بھیجو، اس کے بعد یہ دعا پڑھو اور دلہن کے ساتھ والی عورتوں سے کہو کہ وہ آمین کہتی جائیں :

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی اِلْفَھَا وَوُدَّھَا وَرِضَاھَا وَاَرْضِنِی بِھَا وَاجْمَعْ بَیْنَنَا بِاَحْسَنِ اجْتِمَاعٍ وَآنَسِ ایتِلَافٍ فَاِنَّکَ تُحِبُّ الْحَلَالَ وَتَکْرَہُ الْحَرَامَ۔

اے معبود! تو مجھے اس کی الفت، محبت اور رضا مندی عطا فرما مجھے اس سے راضی رکھ اور ہم دونوں میں یکجہتی پیدا کردے

اور باہمی محبت عطا فرما کہ یقیناً تو حلال کو پسند اور حرام کو ناپسند کرتا ہے۔ (امام جعفر صادق (ع) سے منقول ہے کہ شادی کی پہلی رات جب دلہن کے پاس جاؤ تو اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر اس کو قبلہ رخ کرکے یہ دعا پڑھو :

اَللّٰھُمَّ بِاَمَانَتِکَ اَخَذْتُھَا وَبِکَلِمَاتِکَ اسْتَحْلَلْتُھَا فَاِنْ قَضَیْتَ لِی مِنْھَا وَلَدًا فَاجْعَلْہُ مُبَارَکًا تَقِیًّا مِنْ شِیعَۃِ آلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ فِیہِ شِرْکًا وَلَا نَصِیبًا۔) اے معبود! میں نے اسے تیری امانت کے طور پر لیا اور تیرے کلمات کے ساتھ اپنے لیے حلال بنایا پس اگر تو نے اس سے اولاد کا فیصلہ کیا ہے تو اسے بابرکت پرہیز گار اور آل (ع) محمد کے شیعوں میں رکھنا اور ان بچوں میں شیطان کا کوئی حصہ قرار نہ دینا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حصہ سوم

## بیوی سے ہمبستری کرنے کا اسلامی طریقہ

جب شوہر اپنی بیوی سے ہمبستری مباشرت کا ارادہ کرے اور بالخصوص شادی کی پہلی رات جسے سہاگ رات بھی کہتے ہیں اور اس کے بعد جب بھی تو شوہر کو چاہیے کہ ان آداب و طریقہ کار کے مطابق عمل کرے ان شاء اللہ شیطان کی دست برد یعنی مداخلت سے محفوظ رہیں گے اور نیک صالح اولاد پیدا ہوگی نماز کے بعد شوہر اپنی دلہن کی پیشانی کے تھوڑے سے بال نرمی اور محبّت سے پکڑ کر یہ دعا پڑھے *

( اللھم انی اسئلک خیرھا وخیر ما جبلتھا علیہ و اعوذبک من شرھا و شر ما جبلتھا علیہ )

تو نماز اور اس دعا کی برکت سے میاں بیوی کے درمیان محبت اور الفت قائم ہوگی ان شاء اللہ تعالی اور دس 10 مرتبہ اللہ اکبر پڑھے پھر بوس وکنار یعنی چومنا 💋 Kissing چاہے تو کہے بسم اللہ العظیم اللہ اکبر اللہ اکبر اور

سورہ اخلاص ایک مرتبہ پوری پڑھے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Mohsin Raza Presented by: https://jafrilibrary.com

حصہ چھارم 👇

## بیوی سے ہمبستری کرنے کا اسلامی طریقہ

### چند اہم مسائل ✍

1️⃣ خاص جماع ہمبستری مباشرت کے وقت بات کرنا مکروہ ہے اس سے بچے کے تو تلے ہونے کا خطرہ ہے

2️⃣ اسی طرح اس وقت عورت کی شرم گاہ کی طرف نظر کرنے سے بھی بچنا چاہیے کہ بچے کا اندھا ہونے کا امکان ہے

3️⃣ یوں ہی بالکل برہنہ ننگے بھی ہمبستری مباشرت صحبت نا کریں ورنہ بچے کے بے حیاء ہونے کا اندیشہ ہے

اور اہم ٹپ 👇

کمرے میں زیرو پاور کے بلب کا اہتمام ضرور کریں اور اگر کپڑے بالکل اتار کر ہمبستری کرنا ہے تو ایک بڑی چادر دوران ہمبستری اپنے اوپر اوڑھ لیں تاکہ پردہ پوشی ہو سکے بالکل ننگے ہو کر ہمبستری کرنا گدھا گدھی کی طرح جفتی کرنا کہلائے گا جو کہ شریعت کے نزدیک ناپسندیدہ عمل ہے

4️⃣ ہمبستری کے وقت بسم اللہ شریف پڑھنا سنت ہے اور یہ دعا پڑھے اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان مارزقتنا

مسئلہ

مگر یاد رہے کی ستر کھولنے سے پہلے پڑھے اور سب سے بہتر ہے کہ جب کمرے میں داخل ہو تب ہی بسم اللہ پڑھ کر دایاں قدم اندر داخل کریں اگر ہمیشہ ایسا کرتا رہے گا تو شیطان کمرے سے باہر ہی ٹھہر جائے گا ورنہ وہ بھی آپکے ساتھ شریک ہو گا

5️⃣ عورت کے اندر مرد کے مقابلے 100 گناہ زیادہ شہوت ہے مگر اس پر حیاء کو مسلط کر دیا گیا ہے تو اگر مرد جلدی فارغ ہو جائے تو فوراً اپنی بیوی سے جدا نہ ہو بلکہ کچھ دیر ٹھہرے پھر الگ ہو

Presented by: https://jafrilibrary.com

6️⃣ جماع کے وقت کسی اور کا تصور کرنا بھی جائز نہیں ہے اور سخت گناہ ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com



## بیوی سے ہمبستری کرنے کا اسلامی طریقہ

7 جماع کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں ہاں بس اتنا خیال رہے کہ نماز فوت نا ہونے پائے کیونکہ بیوی سے بھی نماز روزہ اعتکاف حیض نفاس اور نماز کے ایسے وقت میں صحبت کرنا کہ نماز کا وقت نکل جائے حرام ہے

8 مرد کا اپنی عورت کی چھاتی کو منہ لگانا جائز ہے اس طرح عورت کا دودھ پینا بعض علما کے نزدیک مکروہ ہے تو بعض علما کے نزدیک جائز، لیکن آیت اللہ سیستانی کے نزدیک بنا بر احتیاط واجب جائز نہیں ہے مگر اس سے نکاح پر کوئی فرق نہیں آتا

9 مرد و عورت کو ایک دوسرے کا سطر شرمگاہ دیکھنا چھونا جائز ہے مگر حکم یہی ہے کہ مقام مخصوص شرمگاہ کی طرف نا دیکھا جائے کہ اس سے نسیان یعنی حافظہ کمزور ہونے کا مرض ہوتا ہے اور نگاہ بھی کمزور ہو جاتی ہے

10 ہمبستری مباشرت سے فراغت کے بعد مرد و عورت کو الگ الگ کپڑے سے اپنا سطر صاف کرنا چاہیے کیونکہ دونوں کا ایک ہی کپڑا استعمال کرنا نفرت اور جدائی کا سبب ہے آج کل کے جدید دور میں ٹشو کا استعمال نہایت آسان و مفید ہے گھر میں ایک پیکٹ ٹشو کا ضرور رکھیں

11 ہمبستری سے احتلام انزال یعنی منی خارج ہونے کے بعد یا دوسری مرتبہ صحبت کرنا چاہتا ہے تب بھی سطر شرمگاہیں لازمی دھولیں کچھ وقفہ دے کر اور بہتر یہ ہے کہ وضو کر لیں ورنہ ہونے والے بچے کو بیماری کا خطرہ ہے

12 جماع کے بعد لڑکے کی پیدائش کا ارادہ ہے تو عورت کو فوراً دائیں پہلو کروٹ لیٹنے کا حکم دیں کہ اگر نطفہ قرار پا گیا تو ان شاء اللہ لڑکا ہی ہوگا اور اگر لڑکی کی پیدائش کا ارادہ ہے تو عورت کو بائیں پہلو کروٹ کا کہیں اور عورت فوراً بائیں کروٹ لے لے اور کچھ دیر لیٹی رہے تو ان شاء اللہ لڑکی پیدا ہوگی

اور اگر اولاد کے حصول کا ارادہ نہیں تو مباشرت میں انزال کے فورا بعد عورت سیدھی کھڑی ہو جائے

13 جماع مباشرت ہمبستری کے کچھ دیر بعد مثلاً کم از کم آدھا گھنٹہ بعد غسل کر لیں اس میں صحت و تندرستی بھی ھے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بیوی سے ہمبستری کرنے کا اسلامی طریقہ

14 جماع کے فورا بعد پانی پینا صحت کے لیے مفید نہیں لہذا کچھ وقفے کے بعد پانی پی سکتے ہیں

15 طبیب کہتے ہیں کی ہفتے میں دو بار سے زیادہ صحبت کرنا ہلاکت کا باعث ہے شیر کے بارے میں آتا ہے کی وہ اپنی مادہ سے سال میں ایک مرتبہ ہی جماع کرتا ہے اور اسکے بعد اس پر اتنی کمزوری لاحق ہوجاتی ہے اسکے 48 گھنٹے تک وہ چلنے پھرنے کے قابل بھی نہیں رہتا اور 48 گھنٹے کے بعد جب وہ اٹھتا ہے تب بھی لڑکھڑاتا ہے

16 عورت سے حیض کی حالت میں صحبت کرنا جائز نہیں اگرچہ شادی کی پہلی رات ہی کیوں نہ ہو اگر بیوی راضی ہو تو اسکے پیچھے کے مقام میں صحبت کرنا بھی سخت مکروہ ہے بلکہ بعض مراجع عظام کے مطابق حرام ہے

17 مباشرت کے بعد حالت جنابت میں یعنی ناپاکی کی حالت میں اور حیض کی حالت میں عورت منحوس اچھوت بھی نہیں ہوجاتی جیسا کی بہت جگہ رواج ہے کہ کھانا بھی نہیں بنانے دیتے برتنوں کو ہاتھ بھی لگانے نہیں دیتے یہ جہالت ہے بلکہ اسکے ساتھ سونے میں بھی حرج نہیں ہاں عورت کا حالت حیض میں، جماع در فرج کے علاوہ دوسری لذتیں اٹھانا جیسے چومنا جیسے خوش فعلی کرنے میں کوئی حرج نہیں اگرچہ عورت کے ناف سے رانوں تک لباس کے نیچے سے اس طرح کا کام مکروہ ہے

18 قیامت کے دن سب سے بدتر مرد و عورت وہ ہونگے جو اپنی راز (پردے) کی باتیں اپنے دوستوں کو سناتے ہیں

19 عورت سے جدا رہنے کی مدت 4 مہینہ ہے اس سے زیادہ دور رہنا منع ہے

20 جو بچہ سمجھدار ہو اس کے سامنے صحبت کرنا مکروہ ہے

*نوٹ* 👇👇👇

یہ پوسٹ تیار کرنے میں تقریباً پانچ گھنٹے لگے ہیں آگے شئیر کرکے صدقہ جاریہ کی سعادت حاصل کیجئے!!!!! دعاگو محسن رضا (مولف علامہ جواد مصطفیٰ) 🤲🤲🤲🤲🤲📚

+989385980514
+989109671312

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا

# تین اشخاص سے محبت ہوتی ہے

## ہم مزاج بیوی، نیک اولاد اور

## صاف دل دوست۔

(تعلیم الامام: ص ۱۳۹)




Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com



Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

# صدقہ کی مختلف شکلیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

1 "اپنے بھائی کے سامنے تمہارا مسکرانا تمہارے لیے صدقہ ہے۔" (ترمذی:1956)

2 "تمہارا بھلائی کا حکم دینا برائی سے روکنا صدقہ ہے۔" (ترمذی:1956)

3 "بھٹک جانے والی جگہ میں کسی کو راستہ دکھانا صدقہ ہے۔" (ترمذی:1956)

4 "پتھر کانٹا اور ہڈی کو راستے سے ہٹانا صدقہ ہے۔" (مسلم:1007)

5 اپنے ڈول سے بھائی کے ڈول میں پانی ڈالنا تمہارے لیے صدقہ ہے۔" (ترمذی:1956)

6 "ثواب کی نیت سے اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا بھی صدقہ ہے۔" (بخاری:55)

7 "اچھی بات منہ سے نکالنا بھی ایک صدقہ ہے۔" (بخاری:2989)

8 "ہر قدم جو نماز کے لیے اٹھتا ہے وہ بھی صدقہ ہے۔" (بخاری:2989)

9 "سب سے افضل صدقہ آپس میں صلح کروانا ہے۔" (ابوداؤد:4919)

10 "ہر ملنے والے شخص کو سلام کرنا بھی صدقہ ہے۔" (مسلم:720)

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

# شادی کی پہلی رات کے
# بارے میں احکام
# دولہا دلہن کے لئے

(مؤلف مولانا جواد مصطفیٰ متعلم حوزہ علمیہ قم المقدس ایران)

(دعاگو محسن رضا)



Presented by: https://jafrilibrary.com